بیان حلفی تبدیلی نام (کرایہ دار)

کرایہ دار سے کرایہ دار نام کی تبدیلی کے لئے

میں مسمی / مسمات (شناختی کارڈ نمبر .....) حلفاً بیان کرتا / کرتی ہوں کہ پراپرٹی ایڈریس (.....)

پر کنکشن (کنزیومر نمبر .....) چل رہا ہے / منقطع ہے جائیداد مذکورہ کا مالک ----------

ولد ---------- ہے۔ میں کرائے دار کی حیثیت سے جائیداد مذکورہ میں ---------- کاروبار کر رہا / رہی ہوں۔ رہائشی ہوں۔

جائیداد مذکورہ کا کرایہ داری معاہدہ میرے نام پر موجود ہے۔ اور مالک کی طرف سے NOC ساتھ لف ہے۔ کنکشن سابقہ کرایہ دار کے نام پر موجود تھا:

میں سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ کمپنی سے درخواست کرتا / کرتی ہوں کہ مندرجہ بالا گیس کنکشن:

❖ میرے نام منتقل کر دیا جائے۔	❖ بحال کر کے میرے نام منتقل کر دیا جائے۔

اس ضمن میں اگر کبھی نئے یا پرانے مالک / شریک مالک / وارث / کرایہ دار / شریک کرایہ دار یا کسی ادارے وغیرہ نے تقاضا / دعویٰ کیا تو اس کا تمام تر ذمہ دار میں ہوں گا / گی۔ اور کمپنی پر کسی قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔

میں حلفاً اقرار کرتا / کرتی ہوں کہ:

1۔ گیس کنکشن سے متعلق معاہدہ میں نے پڑھ / سن کر سمجھ لیا ہے اور اس معاہدے کی من وعن پابندی کرتا رہوں گا / گی۔

2۔ کمپنی کے ہر قسم کے واجبات وقت پر ادا کرتا رہوں گا / گی۔ اور مذکورہ کنکشن / جائیداد کے ذمہ نکلنے والے کسی قسم کے سابقہ واجبات کی ادائیگی کا بھی ذمہ دار ہوں گا / گی۔ سیکیورٹی کم ہونے کی صورت میں کمپنی کی طرف سے آئندہ بلوں میں شامل واجب الادا سیکیورٹی جمع کروانے کا بھی پابند رہوں گا / گی۔ منقطع کنکشن کی بحالی کی صورت میں رائج الوقت سیکیورٹی جمع / پوری کروادی ہے۔ اور آئندہ بلوں میں شامل واجب الادا سیکیورٹی جمع کروانے کا بھی پابند رہوں گا / گی۔

3۔ جائیداد مذکورہ کی کرایہ داری تبدیل ہونے کی صورت میں کمپنی کو اطلاع دینے کا پابند رہوں گا / گی۔

4۔ کمپنی کی طرف سے کنکشن کی منتقلی بغرض درستگی ریکارڈ بطور صارف کے ہے۔ کرایہ داری کے ثبوت یا تنازعات کا اس ریکارڈ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

5۔ کسی نئے یا پرانے مالک / شریک مالک / وارث / کرایہ دار / شریک کرایہ دار یا کسی ادارے وغیرہ کی طرف سے کسی قسم کے دعویٰ / شکایت / قانونی کاروائی یا جھگڑے کی صورت میں ہر قسم کی ذمہ داری قبول کروں گا / گی۔ اور اس ضمن میں کمپنی کو کوئی نقصان نہیں پہنچنے دوں گا / گی اور نقصان پہنچنے یا قانونی کاروائی کی صورت میں اٹھنے والے اخراجات کے لئے زرتلافی ادا کرنے کا پابند رہوں گا / گی۔

مندرجہ بالا کوائف میرے علم ویقین کے مطابق درست ہیں۔ کسی قسم کی غلط بیانی / عدم مطابقت کی صورت میں کمپنی گیس کنکشن منقطع کرنے اور قانونی کاروائی کرنے کی مجاز ہو گی۔

6 ۔ کمپنی کو اختیار حاصل ہے کہ اگر کبھی نئے یا پرانے مالک / شریک مالک / وارث / کرایہ دار / شریک کرایہ دار یا کسی ادارے وغیرہ کی طرف سے کوئی اعتراض آئے تو بغیر نوٹس کے موجودہ کاروائی کو کالعدم کر کے میٹر منقطع کر دیا جائے اور کنکشن پچھلے صارف کے نام واپس تبدیل کر دیا جائے۔

المحلف

برائے دفتری استعمال:

مندرجہ بالا کوائف (شناختی کارڈ / کنزیومر نمبر، جائیداد اور کرایہ داری کے کاغذات، مالک کی طرف سے NOC وغیرہ) کی پڑتال کر لی گئی ہے۔ آخری گیس بل جمع شدہ ہے نئے کرایہ دار کے شناختی کارڈ اور معاہدہ کرایہ داری وغیرہ کی کاپی حاصل کر لی گئی ہے۔ نئے صارف (کرایہ دار) نے گیس سیلز کے معاہدے پر دستخط کر دیے ہیں، گیس کنکشن نئے صارف کے نام منتقل کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

منقطع کنکشن کی بحالی کی صورت میں سیکیورٹی ڈیپازٹ ---------- روپے (رائج الوقت) کے مطابق جمع / پوری ہو چکی ہے۔

دستخط (پڑتال کنندہ) ---------- دستخط (مجاز آفیسر) ----------

مہر

نام

عہدہ

ایس این نمبر